آکسیجن کے مریضوں اور
ان کے نگہداران کے لیے

# آکسیجن صارف کا ہدایت نامہ

NHS
Providing NHS services

baywater
HEALTHCARE



# ہوم آکسیجن سروس کا خلاصہ

- ہوم آکسیجن سروس آپ کو وہ آکسیجن تھریپی فراہم کرتی ہے جس کی آپ کے ہیلتھ کیئر پروفیشنل نے آپ کے لیے درخواست کی ہے۔
- تمام آلات NHS سے قرض پر لیے جاتے ہیں اور جب ان کی مزید ضرورت نہ ہو تو انہیں واپس کرنا ضروری ہے۔
- آلات اس وقت بھی فراہم کیے جا سکتے ہیں جب آپ برطانیہ اور شمالی آئرلینڈ میں چھٹی پر جاتے ہیں۔
- اگر آپ کے آلات، اس سروس یا تحفظ کے بارے میں کوئی سوالات ہیں تو ہماری ہیلپ لائن 580 373 0800 پر 8.00 بجے صبح تا 6.30 بجے شام (ہر روز) کال کریں۔ یہ سروس فوری کالوں کے لیے 24 گھنٹے یومیہ دستیاب ہے۔
- اگر آپ بیمار محسوس کرتے ہیں تو آپ کو کسی جی پی سے رابطہ کرنا چاہیے یا ایمرجینسی کی صورت میں 999 پر فون کریں۔









## عمومی تحفظ

- آکسیجن کے آلات استعمال کرتے وقت تمباکو نوشی نہ کریں یا اپنے پاس کسی کو تمباکو نوشی نہ کرنے دیں، جس میں ای-سگریٹس بھی شامل ہیں۔
- اسموک الارم لگوائیں اور یقینی بنائیں کہ یہ ٹھیک طریقہ سے کام کر رہا ہو۔ بے واٹر ہیلتھ کیئر (Baywater Healthcare) فائر اینڈ ریسکیو سروس کو مطلع کرے گی کہ آپ کے پاس آکسیجن کے آلات ہیں۔
- گرمی سے دور رکھیں؛ آکسیجن جلنے میں آگ کی مدد کرتی ہے۔ آکسیجن کے آلات اور ٹیوبنگ کو شعلوں سے 3 میٹر (10 فٹ)، اور ریڈیئیٹرز، ہیٹرز، ہیئر ڈرائرز اور ایسی دیگر چیزوں سے 1.5 میٹر (5 فٹ) دور رکھیں جو گرم ہو جاتی ہیں۔
- جب آلات استعمال میں نہ ہوں تو انہیں بند کر دیں۔ جب آکسیجن کی سپلائی چالو چھوڑ دی جاتی ہے اور ماسک یا نزل پرونگس نرم مواد (مثال کے طور پر کمبل، کپڑے، بال، داڑھی، تکیے، صوفے) پر چھوڑ دئے جاتے ہیں تو آکسیجن کپڑے میں جذب ہو سکتی ہے اور آگ لگنے کا خطرہ بڑھ سکتا ہے۔
- آکسیجن کے آلات استعمال کرنے کے بعد کسی ایسی چیز کے قریب جانے سے پہلے 20 منٹ انتظار کریں جو حرارت (ریڈیئیٹرز، کیتلیاں، برقی آگ وغیرہ) یا شعلے پیدا کرتی ہے۔
- آکسیجن کے آلات کو نم کپڑے اور ہلکے ڈٹرجینٹ (دھونے والے سیال) سے صاف کریں اور استعمال کرنے سے پہلے اسے اچھی طرح خشک ہو جانے دیں۔
- جلد کے کسی بھی ایسے حصہ پر تیل، کریم یا لوشن لگانے سے پرہیز کریں جو آکسیجن کی سپلائی کے ساتھ رابطہ میں آتا ہے۔ اگر ممکن ہو تو پانی پر مبنی کریم استعمال کرنے کی کوشش کریں۔ صلاح کے لیے کسی فارماسسٹ سے بات کریں۔ اگر آپ کو کسی جلدی بیماری کے لیے تیل پر مبنی کریم استعمال کرنے کی ضرورت ہو تو لگانے کے بعد ہمیشہ اپنے ہاتھ دھو لیں۔



## ٹیوبنگ

- یقینی بنائیں کہ ٹیوبنگ دروازوں یا فرنیچر کے نیچے پھنس یا کچل نہ جائے۔
- چلتے وقت ٹیوبنگ کو اپنے پیروں سے دور رکھیں تاکہ اس پر پھسلنے سے بچا جا سکے، چلتے وقت اسے اپنے کندھے پر لٹکا لیں۔
- بندھی ہوئی آکسیجن ٹیوبنگ کی سفارش کی جاتی ہے۔ ایسا اس وقت ہوتا ہے جب ٹیوبنگ اسکرٹنگ بورڈز اور دروازہ کے فریموں سے بندھی ہوتی ہے۔ اس سے فرش پر ٹیوبنگ کی مقدار کم ہو جاتی ہے۔



## سروسنگ (حفاظتی جانچ)

ہمارے ہیلتھ کیئر ٹیکنیشینز حفاظتی جانچ مکمل کرنے کے لیے ہر چھ مہینے میں آئیں گے۔ اگر آکسیجن مشین میں کوئی پریشانی پائی جاتی ہے تو اپنا ایمرجینسی سیلنڈر استعمال کریں اور ہمیں 580 373 0800 پر کال کریں۔



## سیلنڈر کا تحفظ اور ذخیرہ کاری

- تمام سیلنڈرز سپاٹ رکھے جا سکتے ہیں؛ اگر سیلنڈر سیدھا استعمال کر رہے ہیں تو انہیں گرنے سے بچانے کے لیے باندھ دیں۔
- سیلنڈر کو استعمال کے لیے ترتیب دیتے وقت، اسے چالو کرنے سے پہلے اس کا رخ اپنے جسم سے دوسری طرف رکھیں۔
- اگر کوئی قابل انتقال سیلنڈر وہیل چیئر یا پش چیئر پر لے جایا جا رہا ہے تو یقینی بنائیں کہ یہ بندھا ہوا اور متوازن ہو۔
- بڑے سیلنڈرز کو وہیل چیئر، پش چیئر، یا الیکٹرک اسکوٹر پر لے جانے کی سفارش نہیں کی جاتی ہے۔
- قابل انتقال سیلنڈرز ہمیشہ بیگ یا ٹرالی میں اسی طرح استعمال کیے جانے چاہئیں جیسا کہ بے واٹر ہیلتھ کیئر کے ذریعہ مہیا کیے گئے ہیں

## ایمرجینسی سیلنڈرز

- اگر آپ کی بجلی کٹ گئی ہے یا کنسنٹریٹر میں خرابی ہے تو اپنا ایمرجینسی سیلنڈر استعمال کریں۔
- یہ ایسی جگہ پر رہنا چاہیے جہاں آسانی سے پہنچا جا سکے، کسی ایسی جگہ پر ایک ٹارچ رکھیں جہاں آپ اسے اندھیرے میں پا سکیں۔

## ذخیرہ کاری

- آلات کسی ایسی جگہ رکھے جانے چاہئیں جہاں ماحول ٹھنڈا ہو اور ہوا کا بہاؤ اچھا ہو
- آلات کو کسی بھی ایسی چیز سے دور رکھیں جس پر آتش گیر مادہ کا لوگو ہو، یا جس کی پیکیجنگ پر اس کے جزو کے طور پر تیل درج ہو

## آپ کے گھر میں کاروباری لوگ

اگر آپ کے یہاں کوئی ایسا شخص ہے جو آپ کے گھر میں کام کرتا ہے تو اسے آکسیجن کے آلات اور ٹیوبنگ کی جگہ سے آگاہ کر دیں۔

## آپ کی آکسیجن کی سپلائی آپ کے لیے ہے

یہ طبی لحاظ سے تجویز کی گئی ہے اور صرف اس شخص کے ذریعہ استعمال کی جانی چاہیے جس کے لیے یہ نامزد کی گئی ہے۔



## نزل پرونگس، ماسک اور ٹیوبنگ

- آپ کو صرف وہی نزل پرونگس، ماسک اور ٹیوبنگ استعمال کرنے چاہئیں جو بے واٹر ہیلتھ کیئر کے ذریعہ مہیا کیے گئے ہیں
- نزل پرونگس جام ہو سکتے ہیں، اور وقت گزرنے کے ساتھ ماسک گندے ہو سکتے ہیں۔ انہیں صاف کرنا لازمی ہے
- نزل پرونگس کے سرے روزانہ نم کپڑے سے صاف کیے جانے چاہئیں؛ نزل پرونگس کو پانی میں کبھی نہ ڈبوئیں
- ہر مہینہ نزل پرونگس کو تبدیل کر دیں
- اگر ماسک برابر صاف کیے جائیں تو 3-6 مہینوں تک چل سکتے ہیں
- نئے نزل پرونگس، ماسک یا ٹیوبنگ کے لیے، برائے مہربانی ہمیں کال کریں، ہماری ویب سائٹ کے واسطہ سے آرڈر کریں یا کسی ایسے ہیلتھ کیئر ٹیکنیشیئن سے پوچھیں جو دورہ پر آیا ہو
- آکسیجن ماسک کو روزانہ صابن والے گرم پانی میں صاف کرنا، اچھی طرح کھنگالنا، اور استعمال سے پہلے ہوا میں خشک کرنا ضروری ہے
- دوبارہ سانس نہ لیے جانے کے قابل ماسک پانی میں ہرگز نہیں ڈبوئے جانے چاہئیں؛ انہیں ایک نم کپڑے کا استعمال کرتے ہوئے روزانہ صاف کریں





## خارش اور خشکی کا ازالہ

ماسک اور نزل پرونگس ناک اور جلد میں خارش پیدا کر سکتے ہیں، خاص طور پر زیادہ بہاؤ کی شرحوں پر۔ خارش کے ازالہ اور خشکی کی روک تھام کے لیے ایسے موئسچرائزرز کا استعمال کریں جن کے اجزاء میں کوئی تیل شامل نہ ہو۔ اس میں پٹرولیم جیلی جیسا تیل بھی شامل ہے۔ اگر شبہ ہو تو کسی فارماسسٹ سے پوچھیں۔






## آکسیجن ٹیوبنگ

- نقصان کی علامات جیسے مڑنے، چپٹا ہونے، یا پھٹنے کی برابر جانچ کریں
- اگر آپ نقصان دیکھیں تو اسے فوری طور پر تبدیل کر دیں
- پالتو جانوروں کو ٹیوبنگ کو پنکچر کرنے سے روکیں
- ٹیوبنگ کو کبھی پانی میں نہ ڈالیں





## سفر کرنا

- اپنی انشورنس کمپنی کو مطلع کریں کہ آپ آکسیجن کے نقل و حمل کے لیے اپنی گاڑی کا استعمال کریں گے
- سیلنڈرز کو ہماری طرف سے فراہم کردہ ایک پلاسٹک اسٹوریج باکس کے اندر محفوظ طریقہ سے بوٹ میں یا بے واٹر ہیلتھ کیئر کے کیری بیگ کا استعمال کرتے ہوئے ایک سیٹ پر سیٹ بیلٹ سے کس کر باندھ دیں
- گاڑی کی اگلی مسافر والی سیٹ پر سیلنڈرز رکھ کر کبھی سفر نہ کریں
- کسی فیول اسٹیشن پر آکسیجن کا استعمال کبھی نہ کریں
- کسی گاڑی میں سیلنڈرز کبھی نہ اسٹور کریں
- اگر آپ کو کار میں سیلنڈرز بلا نگرانی کے چھوڑنے کی ضرورت پڑ جائے تو انہیں بوٹ میں نظر سے دور رکھیں
- اگر آپ کو کوئی آکسیجن مشین ٹرانسپورٹ کرنے کی ضرورت ہو تو اسے سیدھی حالت میں رکھیں، اسے بلا نگرانی کے نہ چھوڑیں، اور اپنی کار کے بوٹ میں اپنے ساتھ ایمرجینسی سیلنڈر لے جائیں، یقینی بنائیں کہ یہ کس کر بندھا ہوا ہو

## پبلک ٹرانسپورٹ

- آپ پبلک ٹرانسپورٹ پر آکسیجن کے آلات استعمال کر سکتے ہیں
- الگ الگ ٹرانسپورٹ کمپنیوں کے الگ الگ اصول و ضوابط ہوتے ہیں
- سفر کرنے سے پہلے کمپنیوں سے معلوم کر لیں
- مقامی کونسلز کے پاس ان ٹیکسی کمپنیوں کی تفصیلات موجود ہیں جو خصوصی ضروریات والے مسافروں کو لے جانے کے لیے رجسٹرڈ ہیں
- پبلک ٹرانسپورٹ استعمال کرتے وقت یقینی بنائیں کہ سیلنڈر بندھا ہوا ہو

   

   

## یوکے میں ہوم سروس سے دور

- اپنے قیام کے پته، آمد کی تاریخ اور روانگی کی تاریخ کی تفصیلات کے ساتھ ہمارے ہیلتھ کیئر کی ہیلپ لائن پر فون کریں۔
- ہمیں کم از کم دو ہفتوں کی نوٹس دیں۔
- ہم اس پته پر آکسیجن کی سپلائی کی ترسیل اور اسے ہٹانے کا انتظام کریں گے۔
- انسٹال کیے جانے والے آلات بالکل ویسے ہی ہوں گے جیسے که آپ کے گھر پر ہیں۔
- اگر آپ کو ایسے آلات کی ضرورت ہے جو الگ ہوں تو آپ کو اپنے ہیلتھ کیئر پروفیشنل سے بات کرنے کی ضرورت ہوگی۔
- ہم کسی خیمه میں آکسیجن کے آلات سپلائی نہیں کر سکتے ہیں اور انہیں کسی خیمه میں ہرگز نه استعمال کیا جائے۔ اگر کسی کیمپ سائٹ پر استعمال کیے جائیں تو یقینی بنائیں که یه شعلوں جیسے کیمپ فائرز، فائر پٹس، باربیکیوز، گیس ہیٹرز سے 3 میٹر (10 فٹ) دور ہوں۔

## ثانوی پتے

- ہم جاری بنیاد پر کسی دوسرے پته پر آکسیجن کے وہی آلات فراہم کر سکتے ہیں جو آپ کے پاس گھر پر موجود ہیں۔ مزید معلومات کے لیے ہماری ہیلتھ کیئر ہیلپ لائن پر کال کریں۔

## گھر منتقل کرنا

- ہمیں اس تاریخ اور پته کے ساتھ کال کریں جس پر آپ منتقل ہو رہے ہیں۔
- اگر آپ کا ڈاکٹر (جی پی) بدل رہا ہے تو ہمیں مطلع کریں۔

## گھر کا بیمہ

- اپنی بیمہ کمپنی کو مطلع کریں کہ آپ کے گھر میں آکسیجن کے آلات استعمال کیے اور رکھے جائیں گے

## یو کے سے باہر جانا

- آپ کو ماہر فراہم کنندگان سے اپنے لیے آکسیجن کی فراہمی کا بندوبست کرنے کی ضرورت ہوگی

## پرواز اور کروزیز

- ہمارے آکسیجن کے آلات یو کے سے باہر استعمال کے لیے نہیں ہیں اور یہ کروزیز سمیت بیرون ملک نہیں لے جائے جانے چاہئیں
- اگر آپ پرواز کرنے کا منصوبہ بنا رہے ہیں تو ایسا کرنے سے پہلے اس بارے میں صلاح کے لیے اپنے ہیلتھ کیئر پروفیشنل سے بات کریں



## رازداری سے متعلق نوٹس



جنرل ڈیٹا پروٹیکشن ریگولیشن (GDPR) کے مطابق، ہم چاہیں گے کہ آپ جانیں کہ ہم آپ کا ذاتی ڈیٹا کس طرح استعمال کرتے ہیں۔

ہم آپ کے بارے میں ایسی معلومات جمع کرتے ہیں جس میں شامل ہیں:

- آپ کا نام، پتہ، رابطہ کی تفصیلات، ای میل پتہ
- ادائیگی کی معلومات (اگر ضرورت ہو) جیسے آپ کے بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات
- کوئی ایسی دیگر معلومات جو آپ فراہم کرنے کا انتخاب کریں



## ہم اس معلومات کا استعمال کس طرح کرتے ہیں

ہم آپ کی معلومات کا استعمال GDPR کے مطابق اور وہ خدمات فراہم کرنے کے لیے کرتے ہیں جو آپ کے لیے تجویز کی گئی ہیں:

- ہم قانون کی تعمیل کرتے ہیں
- اطمینان سے متعلق سوالنامے تیار کرتے ہیں
- آپ اور آپ کے ہیلتھ کیئر پروفیشنل کے ساتھ مواصلات کرتے ہیں اور کسٹمر سپورٹ فراہم کرتے ہیں
- آپ کو الرٹس کے بارے میں پیغامات بھیجتے ہیں جیسے ہماری سروس میں تبدیلیاں، نئی خصوصیات، وغیرہ
- آپ کی معلومات محفوظ سرورز پر ذخیرہ کی جاتی ہیں
- ٹیلیفون کالیں ریکارڈ کی جاتی ہیں اور ان پر نظر رکھی جاتی ہے، یہ عمل آپ کو اضافی تحفظ فراہم کرتا ہے، شکایات کا تصفیہ کرنے میں مدد دیتا ہے، ہماری خدمت اور عملہ کی تربیت کو بہتر بناتا ہے
- فون کال کی ریکارڈنگس قانونی وجوہات کی بنا پر محفوظ رکھی جاتی ہیں:
- NHS کے معاہدہ کے لیے حاصل کردہ بینک کی تفصیلات کا ثبوت فراہم کرنے کے لیے
- مالیاتی پڑتال کے مقاصد کے لیے
- شکایات کی صورت میں ثبوت کے لیے
- ایسے ثبوت کے لیے جو کسی قانونی تفتیش میں مطلوب ہو
- اس بات کی تصدیق کرنے کے لیے کہ ہمارے برقی آلات کے لیے بجلی کی باز ادائیگیوں کی خاطر درست معلومات جمع کی گئی ہیں

یہ معلومات قانونی فرائض کی تعمیل کے لیے محفوظ کی جا سکتی ہیں۔

## ہم کسی شخص کی معلومات کس طرح بانٹ سکتے ہیں اور ظاہر کر سکتے ہیں

ہماری خدمت کے وصول کنندہ کی حیثیت سے آپ نے ایک رضامندی فارم پر دستخط کیے ہوں گے اور درج ذیل کے ساتھ اپنی معلومات بانٹنے سے متعلق بے واٹر سے اتفاق کیا ہوگا:

- آپ کے ہسپتال کی کیئر ٹیمز
- آپ کا جی پی
- آپ کی ہوم کیئر ٹیمز
- دیگر ٹیمز (مثلاً NHS کی انتظامیہ اور فائر اینڈ ریسکیو سروس)
- آپ کا بجلی مہیاکنندہ

ہم آپ کی معلومات کسی حکومتی شعبہ، سرکاری انجمن یا ایسے دیگر فریق کے ساتھ بانٹنے کے لیے قانونی فرض کے بھی حامل ہیں جس کے ساتھ ہم سمجھتے ہیں کہ ہم ایسا کرنے کے لیے قانونی فرض کے حامل ہیں۔

## آپ کے حقوق کی حفاظت کرنا

جب بھی بے واٹر آپ یا آپ کے نمائندہ سے بذریعہ فون رابطہ کرے گا ہم ہمیشہ درج ذیل معلومات طلب کریں گے:

- آپ کا پوسٹ کوڈ
- آپ کے پتہ کی پہلی لائن
- آپ کا پورا نام
- آپ کی تاریخ پیدائش

ایسا اس لیے ہے تاکہ ہم جان سکیں کہ ہم صحیح فائل دیکھ رہے ہیں اور ہم ایسی نجی معلومات کے بارے میں بات کر رہے ہیں جسے صرف مریض اور اس کا نمائندہ جاننے کا حق رکھتے ہیں۔

### تاثرات سے متعلق ضابطہ

اگر ہماری خدمت آپ کی توقعات پر پوری نہیں اترتی ہے یا آپ کو کوئی پریشانی لاحق ہے تو برائے مہربانی ہمیں 0800 373 580 پر کال کریں۔

## آپ کے حقوق اور انتخابات

- آپ اس معلومات کی ایک نقل طلب کر سکتے ہیں جو ہم آپ کے بارے میں رکھتے ہیں
- آپ اپنی اس ذاتی معلومات میں ہونے والی کسی بھی تبدیلی کے بارے میں ہمیں بتا سکتے ہیں جو ہم رکھتے ہیں
- آپ کسی بھی ذاتی معلومات میں ترمیم کرنے کے لیے ہمیں استعمال کر سکتے ہیں تاکہ یہ درست رہے
- آپ ہم سے اپنی اس ذاتی معلومات کو مٹانے کے لیے کہہ سکتے ہیں جو ہم آپ کے بارے میں رکھتے ہیں، ہم اس فیصلہ کے بارے میں آپ کے ہیلتھ کیئر پروفیشنل کو مطلع کرنے کے لیے قانونی طور پر پابند ہیں
- آپ اس طریقہ میں تبدیلیاں کرنے کی درخواست کر سکتے ہیں جس طریقہ سے ہم آپ کی معلومات استعمال کرتے ہیں
- آپ کسی خاص مقصد کے لیے اپنی ذاتی معلومات جمع کرنے، پروسیس کرنے اور منتقل کرنے کے لیے اپنی رضامندی واپس لینے کا حق رکھتے ہیں

اپنی رضامندی واپس لینے کے لیے برائے مہربانی بے واٹر ہیلتھ کیئر سے 0800 373 580 پر رابطہ کریں۔